سوال

زکوۃ

جواب

سات تولے سونے اورایک تولے چاندی پر زکوۃ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میری بیوی کو حق مہر میں 5 تولے سونے کا زیور ملا اور جہیز میں 2 تولے سونے کا زیور اور 1 تولہ چاندی کا زیور اس طرح کل 7 تولہ سونا اور 1 تولہ چاندی کا زیور ہوا۔ کیا اس پر زکوۃ فرض ہے یا نہیں ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! صورت مسؤلہ میں زکوۃ فرض نہیں ہوتی، کیونکہ سونے کا نصاب ساڑھے سات تولے ہے اورچاندی کا نصاب الگ سے ساڑھے باون تولے ہے۔ اب چونکہ نہ سونے کا نصاب مکمل ہوا ہے اور نہ ہی چاندی کا نصاب مکمل ہے، لہذا اس پر زکوۃ نہیں ہے۔ نیز یاد رہے کہ زکوۃ میں چاندی کو سونے کے ساتھ اکٹھا نہیں کیا جائے گا، بلکہ دونوں کا الگ الگ نصاب شمار کیا جائے گا۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ